سوال

(207)احرام کے بعد ممنوع چیزیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

احرام کے بعد ممنوع چیزیں

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حج و عمرہ کرنے والے کےلئے ضروری ہے کہ وہ احرام کی حالت اپنالینے کے بعد درج ذیل ممنوعات سے بچے ورنہ ارتکاب کی صورت میں گنہگار ہوگا۔

(1)قمیص، جبہ، شلوار، پگڑی، ٹوپی، موزے پہننا۔(بخاری 1/248)

(2)احرام کے بعد خوشبو کا استعمال کرنا۔(بخاری 1/248)

(3)دستانے استعمال کرنا۔(بخاری 1/248)

(4)نکاح و منگنی کرنا۔(مسلم 1/253)

(5)ہر قسم کی معصیت،جھگڑا اور بیوی سے شہوانی گفتگو یا بوس وکنار کرنا۔(بقرۃ 2/197)

(6)محرم ہو یا غیر محرم حدود حرم میں شکار بھگانا، درخت یا گھاس کاٹنا البتہ اذخر گھاس کی اجازت ہے۔(بخاری 1/247)

(7)عورت کا برقعہ یا مخصوص عربی نقاب (جو چہرے پر باندھا جاتا ہے) استعمال کرنا۔(بخاری 1/248)

(8)ناخن تراشنا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

کتاب الحج، صفحہ: 267

محدث فتویٰ